# 14621 - چھوٹے بچے کا حج

### سوال

کیا جب میں اپنے نابالغ بچے کےساتھ حج کرنا چاہوں تواسے بھي احرام باندھناہوگا اور کیا اس کي جانب سے مجھے حج کے سارے اعمال سرانجام دینا ہونگے مثلا اس کي طرف سے طواف وغیرہ کروں الخ یا اسے احرام کے لباس کي بجائے عام لباس ہي پہنناؤں اور اس کي جانب سے کوئي عمل بھي نہ کروں کیونکہ وہ ابھي بچہ ہے اور اس پر حج فرض نہیں ؟

### پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

وہ نابالغ بچہ جوامتیاز کرسکتا ہو اس کا سربراہ جب اس کے ساتھ حج کرنا چاہے تو وہ اسے احرام باندھنے کا کہے اور بچہ میقات سےاحرام کي ابتداسے لیکر باقي حج کےسارے اعمال خود ہي سرانجام دےگا، اور اگربچہ خود رمي نہیں کرسکتا تواس کا سربراہ بچےکي جانب سے رمي کرے گا ،اور سربراہ بچے کواحرام کي ممنوعات سے اجتناب کرنے کا حکم بھي دے .

لیکن اگربچہ امتیاز نہیں کرسکتا توپھر اس کا سربراہ بچے کي جانب سے احرام اور حج کي نیت کرے ، اور بچے کوساتھ لےکر طواف اور سعي کرے اور اسي طرح حج کےباقي اعمال میں بھي اسے اپنے ساتھ رکھے اور بچے کي جانب سے رمي بھي کرے .

اللہ تعالي ہي توفیق بخشنے والا ہے، اللہ تعالي ہمارے نبي محمد صلي اللہ علیہ وسلم اور ان کي آل اور صحابہ کرام پر اپني رحمتیں نازل فرمائے.

اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والافتاء فتاوي اللجنة ( 11/22 )